عالمی حرارت

(Global Warming)

ادریس صدیقی

ڈیزائننگ: مصطفیٰ کمال پاشا




Photo Research & Designing : Mustafa Kamal Pasha

3108, Vakil Street, Kucha pandit, Lal kuan, Delhi-110006 (INDIA)
ISBN 978-81-8223-637-0


Original Text by Idrees Siddiqui

Original Urdu edition published by Educational Publishing House,Delhi- INDIA


This Urdu edition published in January 2010 by Educational Publishing House
3108, Vakil Street, Kucha Pandit, Lal Kuan, Delhi - 110006 , INDIA




پودوں کے شیشہ/ پولی تھین گھر میں سورج کی روشنی اور حرارت (توانائی) اندر تو داخل ہو سکتی ہے مگر وہاں سے واپس باہر نہیں نکل سکتی ۔ اس طرح شیشہ گھر کے اندر کی فضا کی حرارت بڑھ جاتی ہے۔



اس کے علاوہ پودوں سے نکلی کاربن ڈائی آکسائڈ گیس بھی اندر ہی قید ہوجاتی ہے۔
حرارت کے اس ایک طرفہ داخلہ اور فضا میں واپس نہ جاپانے کے عمل کو خضرانہ اثر
(GREENHOUSE EFFECT) کا نام دیا گیا ہے۔



ہماری فضاء میں پانی کے ذرات، کلوروفلوروکاربن گیس (CFCG)، کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس (CO2)، میتھین گیس (CH4)، اور نائیٹرس آکسائیڈ گیس (N2O)، سلفر ڈائی آکسائیڈ گیس (SF6) پائی جاتی ہیں۔ ان گیسوں کی مقدار میں مستقل اضافہ ہو رہا ہے۔



سورج کی توانائی زمین کی سطح تک پہنچتی ہے لیکن فضاء میں یہ موجود گیسیں اس کو واپس فضاء میں جانے نہیں دیتی ہیں جس کی وجہ سے زمین کی سطح پر درجہ حرارت بڑھ جاتا ہے۔




کئی وجوہات کی بنا پر فضاء میں حرارت بڑھ رہی ہے جو زمین کی سطح پر درجہ حرارت بڑھا دیتی ہیں۔
ان میں سے ایک کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس ہے جو کوئلہ (ایندھن) جلانے سے پیدا ہوتی ہے۔



اسی طرح جنگل کاٹنے پر کاربن ڈائی آکسائڈ کی مقدار فضا میں بڑھ جاتی ہے۔ اس وقت تقریباً چھ بلین ٹن کاربن ڈائی آکسائیڈ کا ہر سال فضا میں اضافہ انسان کے ذریعہ ہو رہا ہے۔



اگر حرارت میں اضافہ اسی رفتار سے ہوتا رہا تو بہت سے جاندار، جو پچھلے ایک لاکھ برس سے زندہ ہیں وہ بڑھی ہوئی گرمی کو برداشت نہیں کر پائیں گے۔



دنیا میں قحط اور خشک سالی بڑھ جائے گی۔ اس کے علاوہ مٹّی میں نمی
جو پیدا وار کے لیے ضروری ہے بے حد کم ہو جائے گی۔

آپ نے کیا سیکھا؟



مشق

۱۔ شیشہ/ پولی تھین کے پودگھر میں کیا عمل ہوتا ہے؟

۲۔ کس عمل کو خضرانہ اثر کا نام دیا گیا ہے؟

۳۔ ہماری فضاء میں کن کن گیسوں کی مقدار میں اضافہ ہو رہا ہے؟

۴۔ زمین کی سطح پر کس وجہ سے درجہ حرارت بڑھ جاتا ہے؟

۵۔ زمین کی سطح پر درجہ حرارت بڑھانے میں کئی وجوہات کی بنا میں سے کسی ایک وجہ کا نام بتایئے؟

۶۔ ہر سال انسان کے ذریعہ فضاء میں کس گیس کا اضافہ ہو رہا ہے اور کتنا؟

۷۔ حرارت میں اسی رفتار کے اضافہ سے کیا نقصان ہے؟

۸۔ دنیا میں خشک سالی سے کیا نقصان ہوگا؟

جانچ (آپ نے کیا سیکھا؟)

۱ سے ۴ سوالات کے صحیح جوابات بتانے پر —— اوسط

۱ سے ۶ سوالات کے صحیح جوابات بتانے پر —— اچھا

۱ سے ۸ سوالات کے صحیح جوابات بتانے پر —— بہت اچھا

دیگر
کتابیں
ایک نظر
میں




















ایجوکیشنل
پبلشنگ
ہاؤس، دہلی ۶

EDUCATIONAL PUBLISHING HOUSE

3108, Gali Vakil, Kucha Pandit, Lal Kuan, Delhi-6 (INDIA)
Ph: 23216162,23214465 Fax : 0091-11-23211540
E-mail :info@ephbooks.com, ephdelhi@yahoo.com
Website: www.ephbooks.com

9788182236370